8 تجاویز

جو آپ سیلابوں کی تیاری کے لیے ابھی کرسکتے ہیں

1 خود کو درپیش خطرے کے بارے میں جانیں

2 معلومات رکھیں کہ کہاں جانا ہے

3 معلومات رکھیں کہ کس کو کال کی جا سکتی ہے

4 اپنامنصوبہ شیئر کریں

5 ایک بنیادی ایمرجنسی کٹ تیارکریں

6 معلومات رکھیں کہ کب عمل کرنا ہے

7 اپنی انشورنس چیک کریں

8 اپنے مقامی ABC ریڈیو سٹیشن کو سنیں

Urdu

SES
NSW STATE EMERGENCY SERVICE

سیلابوں کی تیاری کے لیے کرنے والے کام

1. اپنا خطرہ جانئیے

- سیلاب خطرناک ہوتے ہیں اور ان سے ہلاکتیں ہو سکتی ہیں
- سیلابوں سے فون لائینیں، پانی، بجلی، سیوریج اور گیس کٹ سکتی ہے
- مقامی سیلاب کی تاریخ اور اونچائی کے بارے میں کونسل سے معلوم کریں
- مقامی سیلاب کے خطرے کے بارے میں ان لوگوں سے بات کریں جو اس علاقے میں کافی دیرتک رہ چکے ہیں
- سیلاب آوری کی علامات سے آگاہ ہوں جیسا کہ شدید بارش اور تیزبہتا و اٹھتا ہوا پانی
- مزید معلومات کے لیے NSW SES کی ویب سائیٹ www.ses.nsw.gov.au کودیکھیں

2. معلومات رکھیں کہ کہاں جانا ہے

- سیلابی پانی میں گاڑی مت چلائیں، نہ ہی سواری کریں یا پیدل چلیں۔ زیادہ محفوظ طریقہ تلاش کریں
- سیلابی علاقوں سے باہر دوستوں یا رشتہ داروں سے ان کی جگہ پر قیام کے بارے میں بات کریں
- اگرآپ کو انخلاء کرنا ہے تو محفوظ ترین راستے کو زیرغورلائیں

3. معلومات رکھیں کہ کس کو کال کی جا سکتی ہے

- اپنے فون میں یا اپنے نزدیک ایمرجنسی نمبروں کی فہرست رکھیں
- سیلاب یا طوفان میں ہنگامی مدد کے لیے NSW SES کو 132 500 پرکال کریں
- جان لیوا ہنگامی حالات میں 000 (ٹرپل زیرو) پر کال کریں

4. اپنا منصوبہ بتائیں

- اپنے خاندان اور پڑوسیوں کیساتھ سیلابوں کے لیےمنصوبہ بندی کریں
- اگرآپ ایک کاروبار ہیں، تو اپنے کاروباری پڑوسیوں کیساتھ سیلابوں کی منصوبہ بندی کریں
- اپنےپلان پر باقاعدگی کیساتھ عمل کریں

5. ایک بنیادی ایمرجنسی کٹ تیارکریں

- ایک ایمرجنسی کٹ میں ایک پورٹیبل بیٹری ریڈیو، ٹارچ، فالتو بیٹریاں، ابتدائی طبی امداد کی کٹ، موم بتیاں، واٹرپروف ماچسیں، اہم کاغذات، ایمرجنسی منصوبے، ایمرجنسی رابطے نمبر اور ایک واٹرپروف تھیلا رکھیں۔
- اپنی کٹ کو ایک آسان رسائی والی جگہ پر سٹور کریں

6. جانئیے کب عمل کرنا ہے

- موسمی حالات پر نظر رکھیں-سیلاب کی نگرانی اور تنبیہات محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کی جاتی ہیں www.bom.gov.au/nsw/warnings
- انخلاء کے احکامات پر ہدایت کے مطابق عمل کریں- ایسا نہ کرنے سے آپ اورآپ کا خاندان خطرے سے دوچار ہوسکتا ہے

7. اپنی انشورنس چیک کریں

- اگرانشورنس دستیاب ہے، تو چیک کریں کہ یہ زائدالمیعاد نہیں ہے اور آپ کی صورتحال اور خطرے سے موزونیت رکھتی ہے

8. اپنے مقامی ABC ریڈیو سٹیشن کو سنیں

- کسی ایمرجنسی میں، مقامی آسٹریلین براڈکاسٹ کارپوریشن (ABC) ریڈیو سٹیشن ایمرجنسی تنبیہات، معلومات اور تازہ ترین صورتحال نشرکرے گا
- یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ایک بیٹری سے چلنے والا ریڈیو ہو

Principal Partner

SES NSW STATE EMERGENCY SERVICE
(NSW اسٹیٹ ایمرجنسی سروس)

NRMA INSURANCE

سیلاب اور طوفان میں ہنگامی مدد کے لیے کال کریں

132 500

جان لیوا ہنگامی حالات میں 000 (ٹرپل زیرو) پر، کال کریں

مزید معلومات کے لیے www.ses.nsw.gov.au پر جائیں

/NSWSES /NSWSES #NSWSES